احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 21 فروری 2008ء

روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 21 فروری 2008ء 13 صفر 1429 ہجری 21 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 41

جہری اور سرّی قراءت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہر نماز میں قراءت کی جاتی ہے جس نماز میں رسول اللہؐ نے جہری قراءت کی ہم نے تمہیں وہ جہراً سنائی اور جس میں آپ نے مخفی قراءت کی ہم نے بھی اسے تم سے مخفی رکھا۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب القراءۃ فی الفجر حدیث نمبر 730)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اللہ تعالیٰ کا کلام جو اس کے برگزیدوں، رسولوں پر نازل ہوتا ہے۔اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ عظیم الشان اعجاز اپنے اندر رکھتا ہے اور کوئی شخص تنہا یا دوسروں کی مدد سے اس کی مثل لانے پر قادر نہیں ہوتا، بلکہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی صرف ہمت کر دیتا ہے اور اس طرح پر اس کا معجزہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔وہ بار بار مخالفوں کو اس کی مثال لانے کی دعوت اور تحدی کرتا ہے، لیکن کوئی اس کے مقابلہ کے لئے نہیں اٹھ سکتا۔قرآن شریف جو اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔کامل معجزہ ہے۔دوسری کتابوں کی نسبت ہم نہیں دیکھتے کہ ایسی تحدی کی گئی ہو، جیسی قرآن شریف نے کی ہے؛ اگرچہ ہم اپنے تجربہ اور قرآن شریف کے معجزہ کی بناء پر یہ ایمان لاتے ہیں کہ خدا کا کلام ہر حال میں معجزہ ہوتا ہے، لیکن قرآن شریف کا اعجاز جس کاملیت اور جامعیت کے ساتھ معجزہ ہے۔دوسرے کو ہم اس جگہ پر نہیں رکھ سکتے، کیونکہ بہت سی وجوہ اور صورتیں اس کے معجزہ ہونے کی ہیں اور کوئی شخص اس کی مثال بنانے پر قادر نہیں۔جو لوگ کہتے ہیں کہ کلام ایسا معجزہ نہیں ہوسکتا۔وہ بڑے ہی گستاخ اور دلیر ہیں۔کیا وہ نہیں جانتے اور دیکھتے کہ خدا تعالیٰ کی ساری مخلوق بے مثل اور لانظیر ہے۔پھر اس کے کلام کی نظیر کیسے ہوسکتی ہے؟ ساری دنیا کے مدبر اور صناع مل کر اگر ایک تنکا بنانا چاہیں، تو بنا نہیں سکتے، پھر خدا کے کلام کا مقابلہ وہ کیسے کرسکتے ؟

محض کلام کے اشتراک یا الفاظ کے اشتراک سے یہ کہہ دینا کہ کوئی معجزہ نہیں، نری حماقت اور اپنی موٹی عقل کا ثبوت دینا ہے، کیونکہ ان اعلیٰ مدارج اور کمالات پر ہر شخص اطلاع نہیں پا سکتا، جو باریک بین نگاہ دیکھ سکتی ہے۔میرا یہ مذہب ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خالص کلام لعل کی طرح چمکتی ہے، لیکن بایں ہمہ قرآن شریف آپ کی خالص کلام سے بالکل الگ اور ممتاز نظر آتا ہے۔اس کی وجہ کیا ہے۔

ہر چیز کے مراتب ہوتے ہیں۔مثلاً کپڑا ہے۔تو کھدر، ململ اور خاصہ لٹھا محض کپڑا ہونے کی حیثیت سے تو کپڑا ہی ہیں اور اس لحاظ سے کہ وہ سفید ہیں۔بظاہر ایک مساوات رکھتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور ریشم بھی سفید ہوتا ہے، لیکن کیا ہر آدمی نہیں جانتا کہ ان سب میں جدا جدا مراتب ہیں اور ان میں فرق پایا جاتا ہے۔

؎ گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

پس جس طرح پر ہم سب اشیاء میں ایک امتیاز اور فرق دیکھتے ہیں۔اسی طرح کلام میں بھی مدارج اور مراتب ہوتے ہیں جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام جو دوسرے انسانوں کے کلام سے بالاتر اور عظمت اپنے اندر رکھتا ہے اور ہر ایک پہلو سے اعجازی حدود تک پہنچتا ہے، لیکن خدا تعالیٰ کے برابر وہ بھی نہیں، تو پھر اور کوئی کلام کیونکر اس سے مقابلہ کرسکتا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 25)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
’’تم اپنے ہاتھ سے کام کرو‘‘
(مشعل راہ جلد اول صفحہ 29,28)

نرسنگ انسٹرکٹر کی ضرورت

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ/فضل عمر ہسپتال کے نرسنگ سکول میں مرد یا خاتون نرسنگ انسٹرکٹر کی ضرورت ہے۔ایسے حضرات/خواتین جو درج ذیل قابلیت کے حامل ہوں اپنی درخواستیں صدر صاحب محلّہ/امیر صاحب کی تصدیق سے بنام ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ جلد روانہ کریں۔درخواست دہندہ کیلئے ضروری ہے کہ وہ

پاکستان نرسنگ کونسل کے رجسٹرڈ ہوں۔

نرسنگ کا دس سالہ تجربہ رکھتی/رکھتے ہوں

بطور نرسنگ انسٹرکٹر/ٹیوٹر کا تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

درخواست دہندہ اپنی درخواستیں 15 مارچ 2008ء تک ارسال کردیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ماہر امراض نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر فرید اسلم منہاس صاحب ماہر امراض نفسیات مورخہ 24 فروری 2008ء کو بیگم زبیدہ بانی ونگ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ضرورت مند احباب و خواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اجلاس فارغ التحصیل حافظات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی شاء ربوہ میں مورخہ 2 مارچ 2008ء کو صبح 9 بجے ادارہ کی فارغ التحصیل حافظات کا ایک ضروری اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔تمام حافظات مکرمات سے گزارش ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کریں۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

مشعل راہ

فتنہ اور شر کی باتوں سے بچو

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 19 ستمبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

بعض لوگوں کو عادت ہوتی ہے کہ صرف مزا لینے کے لئے عادتاً ایک جگہ کی بات دوسری جگہ جا کر دیتے ہیں اور ان سے فتنہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ مختلف قسم کی طبائع ہوتی ہیں، جس کے سامنے بات کی اور بات بھی اس کے متعلق کی تو قدرتی طور پر اس شخص کے دل میں اس دوسرے شخص کے بارہ میں غلط رنجش پیدا ہوگی جس کی طرف منسوب کر کے وہ بات کی جاتی ہے۔ اور وہ بات اسے پہنچائی گئی ہے تو یہ رنجش گو میرے نزدیک پیدا نہیں ہونی چاہئے۔ ایسے فتنوں کو روکنے کا بھی یہ طریق ہے کہ جس کی طرف منسوب کر کے بات پہنچائی گئی ہو اس کے پاس جا کر وضاحت کر دی جائے کہ آیا تم نے یہ باتیں کی ہیں یا نہیں، یہ بات میرے تک پہنچی ہے اس طرح۔ تو وہیں وضاحت ہو جائے گی اور پھر ایسے فتنہ پیدا کرنے والے لوگوں کی اصلاح بھی ہو جائے گی۔ تو بعض دفعہ اس طرح بھی ہوتا ہے کہ ایسے لوگ، فتنہ پیدا کرنے والے، خاندانوں کو خاندانوں سے لڑا دیتے ہیں۔ تو ایسے فتنہ کی باتوں سے خود بھی بچو اور فتنہ پیدا کرنے والوں سے بھی بچو۔ اور اگر ہو سکے تو ان کی اصلاح کی کوشش کرو۔ پھر شر ایک تو براہ راست لڑائی جھگڑوں سے، گالی گلوچ سے پیدا ہوتا ہے، اس سے فتنہ بھی پیدا ہوتا ہے۔ تو فرمایا کہ اگر تمہیں میرے ساتھ تعلق ہے اور میری اطاعت کا دم بھرتے ہو تو میری تعلیم یہ ہے کہ ہر قسم کے فتنہ اور شر کی باتوں سے بچو۔ تم میں صبر اور وسعت حوصلہ اس قدر ہو کہ اگر تمہیں کوئی گالی بھی دے تو صبر کرو۔ پھر اس تعلیم پر عمل کر کے تمہارے لئے نجات کے راستے کھلیں گے۔ تم خدا تعالیٰ کے مقربین میں شامل ہو گے۔ کسی بھی معاملے میں مقابلہ بازی نہیں ہونی چاہئے۔ سچے ہو کر جھوٹوں کی طرح تذلل اختیار کرو۔ اور جو مرضی تمہیں کوئی کہہ دے تم محبت پیار اور خلوص سے پیش آؤ۔ ایسی پاک زبان بناؤ، ایسی میٹھی زبان ہو، اخلاق اس طرح تمہارے اندر سے ٹپک رہا ہو کہ لوگ تمہاری طرف کھنچے چلے آئیں۔ تو تمہارے ماحول میں یہ پتہ چلے، ہر ایک کو یہ پتہ چل جائے کہ یہ احمدی ہے۔ اس سے سوائے اعلیٰ اخلاق سے اور کسی چیز کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ تمہارے یہ اخلاق بھی دوسروں کو کھینچنے اور توجہ حاصل کرنے کا باعث بنیں گے۔ اور پھر یہ ہوتا ہے کہ بعض لوگ مقدمات میں ذاتی مفاد کی خاطر جھوٹی گواہیاں بھی دے دیتے ہیں، جھوٹا کیس بھی اپنا پیش کر دیتے ہیں۔ تو فرمایا کہ تمہارا ذاتی مفاد بھی تمہیں سچی گواہی دینے سے نہ روکے۔ بعض لوگ یہاں بھی اور دوسرے ملکوں میں بھی بعض دفعہ باہر آنے کے چکر میں غلط بیانی سے کام لیتے ہیں، تو ان باتوں سے بھی بچو۔ جو صحیح حالات ہوں اس کے مطابق اپنا کیس داخل کرواؤ اور اس میں اگر مانا جاتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ واپس چلے جائیں۔ کیونکہ غلط بیانیوں کے باوجود بھی بعضوں کے کیس ریجیکٹ (Reject) ہو جاتے ہیں تو سچ پر قائم رہتے ہوئے بھی آزما کر دیکھیں انشاء اللہ فائدہ ہی ہوگا۔ یا اگر ریجیکٹ ہوں گے بھی تو کم از کم اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث تو نہیں بنیں گے۔

پھر آپس میں محبت اور بھائی چارے کی تعلیم دیتے ہوئے حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

آپس میں اخوت و محبت کو پیدا کرو اور درندگی اور اختلاف کو چھوڑ دو۔ ہر ایک قسم کے ہزل اور تمسخر سے مطلقاً کنارہ کش ہو جاؤ کیونکہ تمسخر انسان کے دل کو صداقت سے دور کر کے کہیں کا کہیں پہنچا دیتا ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ عزت سے پیش آؤ۔ ہر ایک اپنے آرام پر اپنے بھائی کے آرام کو ترجیح دیوے۔ اللہ تعالیٰ سے سچی صلح پیدا کر لو اور اس کی اطاعت میں واپس آجاؤ۔ ہر ایک آپس کے جھگڑے اور جوش اور عداوت کو درمیان میں سے اٹھا دو کہ اب وہ وقت ہے کہ تم ادنیٰ باتوں سے اعراض کر کے اہم اور عظیم الشان کاموں میں مصروف ہو جاؤ“۔

پھر آپ فرماتے ہیں:۔

”ہماری جماعت کو خدا تعالیٰ سے سچا تعلق ہونا چاہئے۔ اور ان کو شکر کرنا چاہئے خدا تعالیٰ نے ان کو یوں ہی نہیں چھوڑا بلکہ ان کی ایمانی قوتوں کو یقین کے درجہ تک بڑھانے کے واسطے اپنی قدرت کے صد ہا نشان دکھائے ہیں“۔

(روزنامہ الفضل 20 جنوری 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

❁ مکرم تنویر احمد ملک صاحب وحدت کالونی لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم منیب احمد ملک صاحب کے نکاح کا اعلان مورخہ 12۔ اکتوبر 2007ء کو مکرم مرزا ناصر محمود صاحب مربی سلسلہ نے دارالذکر لاہور میں مکرمہ سارہ ماجد صاحبہ بنت مکرم رانا عبدالماجد صاحب کے ساتھ مبلغ تین لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ دولہا محترم ملک منور احمد صاحب مرحوم واقف زندگی (سابق انچارج فضل عمر ریسرچ انسٹیٹیوٹ) کے پوتے، مکرم ملک محمد صدیق صاحب مرحوم کے نواسے اور حضرت حافظ نبی بخش صاحب کے از رفقائے 313 کی نسل سے ہیں دلہن مکرم میجر (ر) عبدالقادر صاحب (سابق ناظر امور عامہ) کی پوتی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے بابرکت فرمائے۔

نکاح و تقریب شادی

❁ مکرم محمد لطیف صاحب بھٹی دارالعلوم غربی خلیل ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم عمران لطیف صاحب بھٹی کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ صبا سعید صاحبہ بنت مکرم رانا محمد سعید صاحب جرمنی مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے مبلغ 5000 یورو پر مورخہ 18 نومبر 2007ء کو کیا۔ مورخہ 27 دسمبر 2007ء کو تقریب رخصتانہ ہوئی۔ محترم مبشر احمد کاہلوں صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے دعا کروائی۔ اگلے روز دعوت ولیمہ ہوئی مکرمہ صبا سعید صاحبہ مکرم چوہدری محمد احمد صاحب مرحوم درویش قادیان کی نواسی ہیں احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے خوشیوں کا موجب اور مثمر ثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

نکاح

❁ مکرم خدا بخش ناصر صاحب پنشنر فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ سلمیٰ ماہم صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم فضل احمد ناصر صاحب ابن مکرم فیض احمد فیض صاحب ایک لاکھ روپے حق مہر پر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے مورخہ 16 جنوری 2008ء کو بیت المبارک ربوہ میں بعد نماز عصر کیا۔ مکرمہ سلمیٰ ماہم صاحبہ مکرم چوہدری مولا بخش صاحب کی پوتی اور مکرم احمد جان صاحب آف لاہور کی نواسی ہیں۔ اسی طرح فضل احمد ناصر صاحب مکرم چوہدری فضل دین صاحب کاہلوں کے پوتے اور مکرم غلام رسول چیمہ صاحب کے نواسے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولا کریم اپنے فضل سے اس رشتہ کو جانبین کیلئے اور جماعت احمدیہ کیلئے ہر لحاظ سے مبارک فرمائے اور دائمی خوشیاں عطا کرے آمین۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم کلیم اللہ خان صاحب ترکہ مکرم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب مرحوم)

❁ مکرم کلیم اللہ خان صاحب نے درخواست دی ہے کہ ہمارے والد مکرم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب وفات پاگئے ہیں۔ ان کے نام دو قطعات زمین

1۔ قطعہ 32/26 محلہ دارالرحمت ربوہ برقبہ 10 مرلہ 2۔ قطعہ نمبر 33/26 محلہ دارالرحمت ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہیں۔ یہ قطعات زمین مرحوم کے ورثاء میں (بحصص شرعی) منتقل کر دیئے ہیں۔ جملہ ورثاء کی تفصیل

1۔ محترمہ حبیبہ گوہر صاحبہ (بیٹی)

2۔ مکرم کریم اللہ ناصر صاحب (بیٹا)

3۔ مکرم کلیم اللہ خان صاحب (بیٹا)

4۔ محترمہ انیسہ بیگم صاحبہ (بیٹی)

5۔ محترمہ رفیقہ باری صاحبہ (بیٹی)

6۔ محترمہ منیبہ جاوید صاحبہ (بیٹی)

7۔ مکرم مجیب اللہ خان صاحب (بیٹا)

8۔ مکرم خلیل اللہ طاہر خان صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ مسعودہ بیگم صاحبہ ترکہ مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ)

❁ مکرمہ مسعودہ بیگم صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم محمد امین صاحب وفات پا چکی ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 2/6 محلہ دارالیمن برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل

1۔ مکرمہ مسعودہ بیگم صاحبہ (بیٹی)

2۔ مکرم برکت اللہ طاہر صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی بنفس نفیس شرکت اور پُر معارف خطابات

جماعت احمدیہ جرمنی کا 32واں جلسہ سالانہ

اہم حکومتی عمائدین کی شرکت اور بلغاریہ کے ریٹائرڈ اٹارنی جنرل کا اظہار خیال

جماعت احمدیہ جرمنی کا بتیسواں سالانہ جلسہ مورخہ 31/اگست تا 2 ستمبر 2007ء کو دریائے Neckar کے کنارے آباد جرمنی کے شہر "منہائم" کے علاقہ مئی مارکیٹ میں امن و آشتی کا پیغام لئے، نزول رحمت کے نظاروں کے ساتھ، محبت کے سائے میں، تکبیر کے پُر جوش نعروں کو فضاؤں میں بکھیرتا، حمد کے گیت گاتا، اپنی شاندار روایات کے ساتھ منعقد ہوا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس اس جلسہ سالانہ میں شرکت فرما کر اسے رونق بخشی اور اپنے روح پرور زندگی بخش، جمالی اور جلالی خطابات سے سامعین کے دلوں میں جذبہ کی ایک نئی روح پھونک دی۔ خاص طور پر اپنے اختتامی خطاب کے آخر میں جب حضور انور نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ جماعت جرمنی نے اپنے پچاس فیصد چندہ دہندگان کو نظام وصیت سے منسلک کر کے اپنا ٹارگٹ پورا کر لیا ہے، تو حاضرین کا جوش قابل دید تھا، تکبیر کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں اور دل جوش سے خدا تعالیٰ کی حمد کے گیت گا رہے تھے۔

منہائم شہر کے مقام مئی مارکیٹ میں جلسہ سالانہ 1995ء سے منعقد ہو رہا ہے۔ گویا کہ یہ تیرہواں جلسہ سالانہ ہے جو یہاں منعقد ہوا۔ اس سے پہلے شہر ہمبرگ، فرینکفرٹ اور "گروس گراؤ" ناصر باغ میں جو جماعت کی اپنی جگہ ہے جلسہ منعقد ہوتا رہا۔ نمائش کے لئے بنائے گئے اس وسیع میدان میں ہر سال مئی کے مہینے میں ایک بہت بڑی صنعتی نمائش لگتی ہے جس کی وجہ سے اسے مئی مارکیٹ کہتے ہیں۔ ہائی وے کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے احباب کو آنے جانے میں سہولت ہو جاتی ہے اور رش کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ دوسری بڑی سہولت مئی مارکیٹ سے ملحق وسیع پارکنگ ہے، جہاں کئی ہزار کاریں آسانی سے پارک ہو جاتی ہیں نیز آنے جانے کے راستے کشادہ ہونے اور پانی کے بہتر نکاس کی وجہ سے کیچڑ وغیرہ سے رکاوٹ نہیں ہوتی۔

ایک سو انیس چھوٹے بڑے خیمہ جات، آٹھ ہزار مربع میٹر پر مشتمل ایک بڑا ہال، مزید دو چھوٹے ہال اور سات سو سے زائد پرائیویٹ خیمہ جات جو جلسہ گاہ کے اندر مخصوص کی گئی جگہ میں دور دور سے آئے ہوئے مہمانان جلسہ نے نصب کئے ہوئے تھے، پر مشتمل یہ روشن میدان جس کا رقبہ ایک لاکھ پچیس ہزار مربع میٹر ہے، جنگل میں منگل کا سماں پیدا کر رہا تھا۔ ہوٹلوں میں بھی کثرت سے مہمان ٹھہرے ہوئے تھے، جہاں سے جلسہ گاہ تک لانے اور لے جانے کا انتظام تھا۔ اس کے علاوہ ٹرام اور بسیں شہر کے بڑے سٹیشن سے مئی مارکیٹ کے گیٹ کے سامنے سٹیشن تک وقفے وقفے سے پلان کے مطابق چلتی رہیں۔ خوش قسمتی سے مئی مارکیٹ کے دروازے کے ساتھ ہی ٹرام سٹیشن نیا بنا ہے۔ معذور، بیمار اور بوڑھے افراد کو گیٹ سے ملحق پارکنگ میں جگہ دی جاتی ہے۔ اس جلسہ سالانہ میں اٹھائیس اقوام عالم سے 26 ہزار 431 مسیح موعود کے پروانوں نے شرکت کی اور اپنا وقت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کی اقتداء میں باجماعت نمازوں و ذکر الٰہی میں گزارا۔ اس کے علاوہ ان فرزانوں نے خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کے روح پرور، جمالی اور جلالی خطابات سے اپنے ایمانوں میں اضافہ کیا۔ نیز امیر صاحب جرمنی و علماء سلسلہ جو جرمنی کے علاوہ قادیان اور بلغاریہ سے تشریف لائے ہوئے تھے کے پُر معارف و پُر مغز خطابات سنے اور اس روحانی مائدہ سے فائدہ اٹھایا۔ جلسہ کے دنوں میں باجماعت نماز تہجد کا التزام رہا۔ جلسہ گاہ کے اندر 9 زبانوں میں ترجمہ سننے کے لئے کرسیوں کا انتظام تھا جس سے چار سو کے لگ بھگ مہمانوں نے فائدہ اٹھایا۔ ایک ہزار کے قریب ضعیف و بیمار مہمانان کے لئے کرسیاں لگائی گئیں۔ اس مرتبہ سٹیج کے اوپر بڑے بینر اور سائیڈ پر بینروں کا موضوع "قرآن کریم ایک محفوظ کتاب" تھا۔ اس مرتبہ بھی بچوں والی خواتین کے لئے ایک بہت بڑا خیمہ الگ نصب کیا گیا تھا۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر مختلف سٹال بھی لگے، جن میں اشاعت، سمعی بصری، رفاہی ادارہ "ہیومینیٹی فرسٹ" وغیرہ شامل ہیں۔ طبی امداد کے سٹال میں چوبیس گھنٹے ڈاکٹرز موجود رہے اور ایمرجنسی طبی امداد مستحق افراد کو مفت فراہم کی گئی۔ ٹی سٹال سے ہمہ وقت چائے مہیا کی جاتی رہی، تمام مہمانوں کے لئے شعبہ ضیافت کے تحت دال، آلو گوشت، سبزی، چاول، نوڈلز، زردہ وغیرہ کی کئی صد دیگیں تیار کی گئیں۔ مجموعی طور پر 101 شعبہ جات کے تقریباً پانچ ہزار کارکنان نے دن رات انتھک محنت اور خدمت کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جناب سے اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

تیاری جلسہ سالانہ

مورخہ 22/اگست کو جرمنی کے بتیسویں جلسہ سالانہ کے لئے جلسہ گاہ کی تیاری اور وقار عمل کا آغاز ہوا۔ صبح دس بجے خدام و انصار کی دو صد تعداد سے مخاطب ہوتے ہوئے مکرم حیدر علی ظفر صاحب مشنری انچارج جرمنی نے انہیں ہدایات سے نوازا۔ آپ نے سب سے پہلے نمازوں کو اس مصروفیت کے دوران توجہ سے ادا کرنے کی تلقین کی۔ پھر کام کو منہمک ہو کر کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس کے بعد محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی نے خدام کو منظم طریق سے گروپ بنا کر وقار عمل کی تاکید کی تا کہ کام بیک وقت ہمہ جہت انجام پذیر ہو۔ اس کے بعد مکرم زبیر خلیل خان صاحب افسر جلسہ سالانہ جرمنی نے احباب سے مخاطب ہوتے ہوئے کام کے بارے میں حفاظتی نقطہ نگاہ سے ہدایات دیں۔ دعا کے ساتھ وقار عمل کا آغاز ہوا۔ بڑے چھوٹے 119 خیمہ جات کی تنصیب کا کام جرمنی میں جلسہ پر وقار عمل کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موسم اس دفعہ بہت خوشگوار رہا۔ یعنی کہ دھوپ نکلی رہی۔ آج لجنہ کے بڑے پنڈال و جلسہ گاہ مردانہ کے شعبہ ضیافت، سٹور، ضیافت سٹاف، سٹیج، شعبہ، تربیت، بجلی، اشاعت کے ٹینٹ لگانے کا کام شروع ہوا۔ احباب کو ایک ویگن کے ذریعہ مشروب ان کے کام کی جگہ پر مہیا کئے جاتے رہے۔ مورخہ 27/اگست کو جب کہ وقار عمل ہو رہا تھا مکرم عبد اللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ آپ نے تیاری جلسہ سالانہ کا جائزہ لیا، شعبہ جات میں تشریف لے گئے اور وہاں موجود کارکنان سے مصافحہ کیا اور شعبہ جات سے متعلقہ انتظامات کا جائزہ لیا نیز احباب کا حوصلہ بڑھایا۔ ڈھائی ہزار احباب نے جن میں 44 احباب نے ان دنوں کے لئے اپنے آپ کو وقف کیا ہوا تھا، دن رات کام کر کے مورخہ 28/اگست کو خیمہ جات کی تنصیب کا کام مکمل کر دیا۔ شعبہ جات کی ٹیمیں جمعرات تک اپنے اپنے شعبہ جات کی تزئین و آرائش کا کام مکمل کرنے میں مصروف رہیں۔ جمعرات کو مہمانان کرام کی آمد میں بھی تیزی آگئی اور مئی مارکیٹ میں کافی رونق نظر آنے لگی۔ بلغاریہ، مالٹا، استونیا، لٹویا، انڈونیشیا سے وفد کی صورت میں 60 مہمان تشریف لائے۔ مہمان بیرون از جرمنی کی کل تعداد ابھی تک 125 تھی جن کو ہوٹل میں ٹھہرایا گیا۔ تقریباً 550 پرائیویٹ خیمہ جات بھی اب تک نصب ہو چکے تھے۔

تقریب معائنہ انتظامات

مورخہ 23/اگست کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ گاہ مئی مارکیٹ میں تشریف لائے اور شام سات بجے کے قریب مختلف شعبہ جات کا معائنہ فرمایا اور بڑے ہال میں جمع شدہ کارکنان سے خطاب سے پہلے تمام ناظمین شعبہ جات کو شرف مصافحہ بخشا اور کچھ شعبہ جات کے ناظمین کو ہدایات بھی دیں۔

تلاوت قرآن کریم سے تقریب کا آغاز ہوا جس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطاب میں کارکنان کو دو باتوں پر توجہ دینے کی تلقین کی۔ ایک تو یہ کہ جیسے بھی حالات ہوں ڈیوٹی والوں کو سب سے خوش خلقی سے پیش آنا چاہئے۔ مہمانوں کو حضرت مسیح موعود کے مہمان سمجھ کر خدمت کریں۔ دوسرا یہ کہ نمازوں پر توجہ دیں اور دعاؤں و ذکر الٰہی سے زبانیں تر رکھیں۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لنگر خانہ میں تشریف لے جا کر ایک دیگ دھونے کی مشین کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ یہ مشین ایک احمدی انجینئر مکرم عطاء المنان صاحب نے خود بنائی ہے جو چند لمحوں میں بڑے سائز کے دیگچوں کی صفائی کر دیتی ہے۔ اس کے بعد از راہ شفقت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے کارکنان و کارکنات کے ساتھ کھانا تناول فرمایا اور پھر مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھانے کے بعد اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔

پہلا دن

صبح نماز تہجد کے لئے صل علیٰ کا ورد شعبہ تربیت نے شروع کیا۔ نماز فجر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پڑھائی۔ نماز کے بعد مکرم عبد الباسط طارق صاحب مربی سلسلہ نے درس ملفوظات دیا۔ اس کے بعد آرام و سیر اور ناشتے کا وقفہ تھا۔ آج مزید احباب جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے تشریف لا رہے تھے اس سے رونق کی رفتار تیز تر ہو رہی تھی۔

انفارمیشن سٹینڈ پر انصار، خدام اور واقفین نو نے خدمت کی سعادت حاصل کی۔ آنے والے مہمانوں نے ضرورت کے مطابق شعبہ جات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ناظم صاحب پرائیویٹ خیمہ جات کی اطلاع کے مطابق 655 پرائیویٹ ٹینٹ لگ چکے ہیں جس میں 3300 افراد رہائش پذیر ہیں۔

تقریب پرچم کشائی

31/اگست جمعۃ المبارک کو پرچم کشائی کی تقریب کے لئے ڈیڑھ بجے ہی احباب نصب شدہ پرچم کے قریب جمع ہو گئے تھے۔ جرمنی کے سولہ صوبوں کے جھنڈے بھی اس جگہ نصب تھے۔ وقف نو کے بچے اور بچیاں ہاتھوں میں جھنڈیاں اور غبارے لئے قطاروں میں کھڑے تھے۔ اس دوران بارش برسنے لگی مگر کوئی بچہ و بڑا اپنی جگہ سے نہیں ہلا۔ وقف نو

کے بچے و بچیاں اور خدام اس دوران ترانے پڑھ رہے تھے۔ MTA کی براہ راست نشریات شروع ہوچکی تھیں اور دنیا اس نظارے کو دیکھنے میں ہمارے ساتھ برابر کی شریک تھی۔ پونے دو بجے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی مئی مارکیٹ کی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور احباب کے پُرزور نعروں کی گونج میں پیدل تشریف لاکر لوائے احمدیت لہرایا۔ جبکہ نیشنل امیر صاحب جرمنی نے جرمنی کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے ساتھ ہی فضا میں کالے، سفید، لال، پیلے رنگ کے غبارے چھوڑے گئے جو کہ لہراتے ہوئے شہر کی فضا میں بکھر گئے۔ حضور انور نے دعا کروائی اور اس کے ساتھ یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ جس کے بعد حضور انور مردانہ جلسہ گاہ میں خطبہ جمعہ کے لئے تشریف لے گئے۔ خطبہ جمعہ میں آپ نے حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں جلسہ منعقد کرنے کے مقاصد بیان فرمائے۔ نیز تقویٰ میں ترقی کرنے، اعلیٰ اخلاق اپنانے، ایک دوسرے سے محبت پیار بڑھانے، اپنے اختلافات مٹانے اور ہمیشہ ذکر الٰہی سے اپنی زبانوں کو تر رکھنے کی تاکید فرمائی۔

خطبہ سننے کے لئے 9 زبانوں میں مردانہ جلسہ گاہ اور 4 زبانوں میں لجنہ کی طرف ترجمانی کی سہولت سے فائدہ اٹھایا گیا۔ نماز جمعہ کے بعد 4 بجے ہیلی کاپٹر کے ذریعہ جلسہ گاہ کی مختلف جہتوں سے فوٹوگرافی کی گئی۔ احباب جماعت نے لائنوں میں کھڑے ہوکر مختلف پوزیشنوں میں لفظ Ahmadiyya کی زنجیر بنائی جسے کیمرے کے عکس میں محفوظ کرلیا گیا۔

اجلاس اول

نماز جمعہ کے بعد دو گھنٹے کے وقفہ سے جلسہ سالانہ کے پہلے اجلاس کی کارروائی مکرم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح و ارشاد بھارت قادیان کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ نظم کے بعد مکرم مولانا ڈاکٹر عبدالغفار صاحب مربی سلسلہ نے ''حسن عبادت'' کے موضوع پر سیر حاصل خطاب کیا۔

اس کے بعد من ہائم کے میئر کے نمائندہ Ulrich Schafer نے تقریر کی جس میں انہوں نے بتایا کہ یہ من ہائم شہر امن کا گہوارہ ہے۔ آجکل ہم اس شہر کی 400 سالہ سالگرہ منا رہے ہیں اور جماعت احمدیہ کا ماٹو کہ محبت سب کے لئے امن کا پیغام ہے اور یہ جلسہ ایک اہم واقعہ ہے۔ اس کے بعد SPD سیاسی پارٹی کے ایک رکن Gregor Amann جو وفاقی پارلیمنٹ کے ممبر بھی ہیں، نے خطاب کیا اور حاضرین جلسہ کو خوش آمدید کہا۔ آپ نے جلسہ پر بلانے کا شکریہ ادا کیا اور جماعت کے ماٹو محبت سب کے لئے نفرت کسی کے لئے نہیں کا ذکر کیا اور کہا کہ آپ لوگ امن پسند لوگ ہیں۔ آپ کو یہاں پر مکمل مذہبی آزادی ہے۔ اس کا پرچار کریں اور اپنی بیوت بھی تعمیر کریں۔ اس کے بعد آج کے اجلاس کی آخری تقریر مولانا حیدر علی صاحب ظفر مربی سلسلہ نے کی جس کا عنوان خوشگوار عائلی زندگی تھا۔ رات کو جلسہ گاہ سے ملحق ایک چھوٹے ہال میں عرب مہمانوں سے گفتگو کا ایمان افروز پروگرام ہوا۔

دوسرا دن

آج بھی تہجد اور نماز فجر کی ادائیگی کے لئے شعبہ تربیت کی ٹیم نے احباب کو بیدار کیا۔ حضور انور کی امامت میں احباب نے نماز فجر ادا کی۔ جس کے بعد مکرم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ نے درس قرآن مجید دیا۔ آرام اور ناشتے کے وقفے کے بعد شعبہ اندرون و تیاری جلسہ گاہ کے کارکنان نے صفیں اور کرسیاں بروقت ٹھیک کردی تھیں۔ نظافت کی ٹیمیں صبح صبح ہی اپنے کام میں لگ گئی تھیں اور رات تک کام کرتی رہیں۔ مشین نے صبح تمام راستوں پر صفائی کی۔

اجلاس اول

پہلے اجلاس کی کارروائی دس بجے شروع ہوئی جس سے پہلے شعبہ تربیت کے کارکنان نے احباب کو جلسہ گاہ جانے کی تاکید شروع کردی تھی۔ جلسہ کی روایات کے مطابق، پونے دس بجے بازار بند کروا دیا گیا تھا۔ اجلاس اول میں دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر محترم مولانا محمد اشرف ضیاء صاحب مربی سلسلہ بلغاریہ کی ''دعوت الی اللہ اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تھی۔

دوسری تقریر محترم مولانا محمد الیاس منیر صاحب مربی سلسلہ جرمنی کی ''وصیت کے ثمرات'' کے موضوع پر تھی۔

لجنہ سے حضور انور کا خطاب

اس کے بعد حضور انور کا خطاب لجنہ کی مارکی سے ریلے کیا گیا جسے مردانہ جلسہ گاہ میں سکرین پر عقیدت و احترام سے سنا گیا۔ تلاوت و نظم کے بعد حضور انور نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات تقسیم فرمائے۔ اپنے خطاب میں حضور انور نے فرمایا کہ ایمان والوں کی یہ نشانی بتائی گئی ہے کہ وہ نصیحت پر کان دھرتے ہیں اور پھر سوچ سمجھ کر کھلی آنکھوں اور کھلے کانوں کے ساتھ اس پر عمل پیرا ہو جاتے ہیں اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ نہ وہ سنتے ہیں اور نہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں وہ توبہ نہیں کرتے اور برے کاموں میں بڑھ جاتے ہیں۔ یہ فرق اللہ کے بندوں اور اس کے منکرین کے درمیان ہوتا ہے اور یہی معیار اور کسوٹی ہے جس پر ہر احمدی کو اپنے عہد بیعت کو پرکھنا چاہئے۔ اگر وہ قرآن کے سات سو احکامات پر عمل کرتا ہے تو جماعت میں شامل ہے ورنہ نہیں۔ ہر احمدی کو فکر کے ساتھ اپنا جائزہ لینا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا کہ احمدی عورت کی ذمہ داری دو چند ہو جاتی ہے کیونکہ اس نے اپنی ہی نہیں بلکہ احمدی نسل کی ذمہ داری بھی نبھانی ہے۔ پس خلیفہ وقت کے نصائح پر خود بھی عمل کریں اور اپنی نسل کو بھی نصیحت کریں۔ سال میں یہ چند دن دین سیکھنے کے لئے آئی ہیں اگر ان دنوں میں دنیا سے کلیتہً علیحدہ ہوکر اپنے روحانی معیار کو اونچا نہیں کرتیں تو پھر کس طرح کریں گی۔ حضور انور نے فرمایا کہ خدا کے حقیقی عبادت گزاروں کی خصوصیت ہے کہ نہ وہ اسراف کرتے ہیں نہ کنجوسی۔ عورتوں کو دیکھا دیکھی یا انفرادیت قائم رکھنے کے لئے اسراف کرنے کی عادت ہوتی ہے۔ خدا کی راہ میں کنجوسی نہیں کرنی اسی سے ایمان مضبوط ہوتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا عورت کو پردہ کا حکم ہے۔ اپنی زینت چھپانے کا حکم ہے۔ مغرب کی تقلید سے بچیں۔ حیا دین کا حصہ ہے، حیا عورت کا خزانہ ہے۔ حضور انور نے فرمایا عورت کا کردار قوم کو بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ہر عورت ہر بچی خلافت سے اپنا تعلق قائم کرے اور اولاد کو بھی خلافت سے چمٹے رہنے کی تلقین کرے۔ آخر پر حضور انور نے دعا کروائی۔

اجلاس دوم

اجلاس دوم میں بھی دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر ''خلافت احمدیہ کے سو سال اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر محترم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان بھارت نے کی۔

دوسری تقریر محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے دین حق اور Integration کے موضوع پر کی۔

جلسہ سالانہ جرمنی کی کامیابی میں ہمارے پیارے بچوں، بچیوں اور نوجوانوں کی پُرخلوص محنت اور بزرگوں کی پُرسوز دعاؤں کے ساتھ ہر ایک کا یکساں حصہ ہے۔ جو خلافت سے اخلاص و وفا کا مظہر ہے۔ نوجوان طلباء اور طالبات میں تقسیم انعامات اور وقف نو کے بچوں سے ملاقات سے ہمارے پیارے امام نے نہ صرف ان کی دلجوئی فرمائی ہے بلکہ قوم کے نونہالوں کے لئے دلآویز راہنمائی بھی فرمائی ہے۔

یہاں کے تعلیم یافتہ بچوں اور بچیوں پر لازم ہے کہ وہ یورپین عوام کو بین المذاہب مذاکرات سے دین کی پُرامن تعلیم اور سلامتی کی راہوں سے واقف کرائیں۔ ہمارا ماٹو ہے ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں''۔ اسی پر سب کو عمل کرنا چاہئے۔

تقریب بیعت

شام کو بیعت کی تقریب ہوئی جس میں 7 افراد حضور انور کے ہاتھ پر بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں شامل ہوئے۔ دعوت الی اللہ ہال میں جرمن میٹنگ میں 150 افراد، البانین میٹنگ میں 16، بوزنین میٹنگ میں 6، ترکی میٹنگ میں 8 شامل ہوئے۔ اس کے علاوہ افغانی، فرنچ، عراقی قومیت کے افراد بھی تشریف لائے۔ اشاعت کے بک سٹال سے تقریباً پینتیس ہزار یورو کی کتب خریدی گئیں۔ جماعت کے ویب سائیٹ کے لئے 500 چنیدہ تصاویر بھجوائی گئیں۔

تیسرا دن

آج بھی تہجد اور نماز فجر کی ادائیگی کے لئے شعبہ تربیت کی ٹیم نے احباب کو بیدار کیا۔ حضور انور کی امامت میں احباب نے نماز فجر ادا کی۔ جس کے بعد مکرم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ نے درس حدیث دیا۔ کل رات گئے تک اور آج صبح مزید مہمان آتے رہے۔ پرائیویٹ خیمہ جات کی تعداد 705 کے قریب ہوگئی۔ مقرر کی گئی جگہ کی کمی کی وجہ سے کچھ خیمہ جات پارکنگ ایریا میں لگوانے پڑے۔ یہ پارکنگ پرائیویٹ خیمہ جات سے ملحق علیحدہ جگہ پر صرف انہیں میں مقیم احباب کے لئے مختص تھی۔

آرام اور ناشتے کے وقفے کے بعد اجلاس کی کارروائی صبح دس بجے شروع ہوئی۔

اجلاس اول

اجلاس اول میں مکرم امیر صاحب جرمنی کی صدارت میں تین تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر محترم محمد داؤد مجوکہ صاحب نے ''قرآن کریم کی حفاظت کے اندرونی اور بیرونی شواہد'' کے موضوع پر کی۔

دوسری تقریر محترم مولانا شمشاد احمد قمر صاحب مربی سلسلہ جرمنی کی ''مختلف مذاہب میں مسیح موعود کا تصور'' کے موضوع پر تھی۔

محترم ہدایت اللہ صاحب ہبش جو معروف صحافی و مصنف ہیں، نے ''آنحضور ﷺ نے دنیا کو کیا دیا'' کے موضوع پر تقریر کی۔

جلسہ کی کارروائی کا 9 زبانوں میں ترجمہ ہو رہا تھا جس کے لئے 23 ترجمانوں نے ڈیوٹی دی۔ ترجمہ سے 349 احباب نے فائدہ اٹھایا۔ دوپہر دعوت الی اللہ ہال میں 215 مہمانوں کے ساتھ محترم ہدایت اللہ صاحب ہبش نے ایک میٹنگ کی اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے۔ آج کی بیعتوں کو ملا کر جلسہ کے دوران کل 11 بیعتیں ہوئیں۔ شعبہ تعلیم کے ٹینٹ میں نوجوانوں کے ساتھ کئی پروگرام ہوئے۔ مکرم محمد الیاس منیر صاحب مربی سلسلہ نے اپنی اسیری کے دوران ہونے والے ایمان افروز واقعات بھی سنائے۔

اختتامی اجلاس

اختتامی اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ نظم کے بعد بلغاریہ سے آئے ہوئے ایک مہمان جو وہاں کے اٹارنی جنرل رہ چکے ہیں، نے احمدیہ جماعت کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اختتامی خطاب سے قبل جرمنی میں تعلیمی میدان

میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء میں میڈلز اور اسناد تقسیم فرمائیں۔ اس تقریب و جملہ کارروائی کو MTA انٹرنیشنل کے ذریعہ پوری دنیا میں براہ راست دیکھا اور سنا گیا۔ حضور انور نے جماعت کی مخالفت اور احمدیوں کو دی جانے والی تکالیف و مخالفت کے بارے میں بتایا جو حضرت مسیح موعود کے زمانہ سے اب تک چل رہی ہے۔ مگر یہ جماعت کی ترقی میں روک نہ بن سکی۔

حضور انور نے جماعت احمدیہ جرمنی کے پچاس فیصد چندہ دہندگان کا نظام وصیت میں شمولیت کا اعلان کیا اور اس پر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ جس پر حاضرین کا جوش قابل دید تھا۔ تکبیر کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں۔ دل خداتعالیٰ کی حمد کے گیت گا رہے تھے۔ جذبات کی ان لہروں کو جلسہ گاہ میں محسوس تو کیا جاسکتا تھا مگر الفاظ ان کی ترجمانی نہیں کرسکتے، قلم ان جذبات کو بیان کرنے سے قاصر ہے۔

حضور انور نے آخر پر مختلف احباب کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی اور اختتامی دعا کروائی جس کے ساتھ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔

جلسہ کے اختتام کے ساتھ ہی وائنڈ اپ کا کام شروع ہوگیا جس میں کارکنان کے ساتھ دور نزدیک سے آئے ہوئے احباب بھی شامل ہوگئے اور کچھ شعبہ جات نے رات گئے تک اپنا کام مکمل کرلیا۔ باقی ماندہ کام اگلے چار دن میں خدام احمدیت کی دن رات محنت سے دیئے گئے ٹارگٹ کے مطابق مکمل ہوگیا۔

اللہ تعالیٰ جلسہ کی برکات سے ہمیں سارا سال نوازتا رہے۔ (اخبار احمدیہ جرمنی ستمبر 2007ء)

گندگی اور ملیریا سے بچاؤ

وقارعمل کے ذریعہ گندگی اور ملیریا سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں:۔

پانی کی گندگی کی وجہ سے ہر سال ملیریا آتا ہے اور دس دس پندرہ پندرہ دن ایک شخص بیمار رہتا ہے۔ ملیریا کی بڑی وجہ یہی ہوتی ہے کہ گڑھوں میں پانی جمع رہتا ہے اور اس کی سڑاند کی وجہ سے مچھر پیدا ہو جاتے ہیں جو انسانوں کو کاٹتے اور ملیریا میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اس بخار کی وجہ سے لوگ پندرہ پندرہ دن تک بیمار رہتے ہیں اور اگر دس دن بھی ایک شخص کے بیمار رہنے کی اوسط فرض کرلی جائے اور ایک گھر کے پانچ افراد ہوں تو سال میں ان کے پچاس دن محض ملیریا کی وجہ سے ضائع چلے جاتے ہیں۔ حالانکہ اگر وہ چھ دن بھی کوشش کرتے تو ملیریا کو جڑھ سے نابود کر دیتے مگر لوگ دوائیوں پر پیسے الگ خرچ کرتے ہیں۔ تکلیف الگ اٹھاتے ہیں، طاقتیں الگ ضائع کرتے ہیں، عمریں الگ کم ہوتی ہیں۔ موتیں الگ ہوتی ہیں اور پھر سال میں پچاس دن بھی ان کے ضائع چلے جاتے ہیں۔ مگر تھوڑا سا وقت خرچ کرکے قبل از وقت ان باتوں کا علاج نہیں کرتے۔ (مشعل راہ جلد اول ص94)

ماخوذ

تپ دق (ٹی بی)۔ ایک عالمی خطرہ

علامات، اسباب، بچاؤ اور علاج کے طریقے

تپ دق (ٹی بی) بیکٹیریا سے پھیلنے والی بیماری ہے جو کہ بنیادی طور پر پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے۔ پھیپھڑوں کے اندر چھوٹے چھوٹے دانے نما زخم بننا شروع ہوجاتے ہیں۔ یہ جراثیم زیادہ خطرناک ہوتا ہے اور اتنا جاندار ہوتا ہے کہ کئی مہینوں تک متاثرہ شخص کے اندر زندہ رہتا ہے اگر کوئی ٹی بی سے متاثرہ شخص بیماری کی حالت میں مرجائے تو یہ مریض کی قبر میں بھی ایک دو سال تک زندہ رہ سکتا ہے۔ یہ 85 فیصد پھیپھڑوں اور 15 فیصد تک جسم کے دوسرے حصوں کو متاثر کرتی ہے گردن کے پچھلے غددوں' پھیپھڑوں کے گرد جھلی' گردن توڑ بخار' دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کی اندرونی جھلی کی سوزش بھی اس کا سبب بنتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ گردوں' پیشاب کی نالی' تولیدی اعضاء' تھائی رائیڈ' ہڈیوں اور جوڑوں کو بھی متاثر کرتی ہے۔ اس کی سب سے عام شکل گلے اور پھیپھڑوں کی ٹی بی ہے۔ 1993ء میں عالمی ادارہ صحت نے تپ دق کو ''عالمی خطرہ'' قرار دیا۔

ایک اندازے کے مطابق ہر سال تپ دق کے 8 ملین نئے کیس مشاہدے میں آتے ہیں۔ 1940ء کے عشرے میں تپ دق کی مخصوص اینٹی بائیوٹک کی دریافت سے پہلے امریکہ میں اموات کا سب سے بڑا سبب تپ دق تھا۔ 1993ء سے اس مرض کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے عوامی صحت کی مہم چلائی جارہی ہے اور یہ بہت زیادہ سنجیدہ نوعیت کی عوامی صحت کی مہم ہے۔

علامات

عام طور پر انفیکشن کے آغاز میں اور تپ دق کے مکمل ظاہر ہونے کے درمیان ایک وقفہ ہوتا ہے۔ بہت سے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں ٹی بی کا انفیکشن تو ہوتا ہے لیکن ان میں یہ بیماری بڑھتی نہیں۔ اور بعض لوگوں میں ٹی بی کے بیکٹیریا موجود ہونے کے باوجود وہ فعال نہیں ہوتے اور مریض میں تاحیات بیماری کے اثرات پیدا نہیں کرتے۔ لیکن کچھ ایسے مریض جن کا مدافعتی نظام کافی کمزور ہوتا ہے۔ ان کے اندر ٹی بی کے بیکٹیریا جلد فعال ہوجاتے ہیں اور بعض لوگوں میں انفیکشن کی کوئی علامت نہیں ہوتی اور یہ حالت کئی مہینوں اور سالوں تک برقرار رہتی ہے۔

مثال کے طور پر بڑوں کی نسبت بچوں میں کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی اور نہ ہی کوئی علامت پھیپھڑوں کے علاوہ جسم کے کسی دوسرے حصے پر ظاہر ہوتی ہے۔ علامات کی کوئی بھی قسم اس بات پر منحصر ہوتی ہے کہ جسم میں بیکٹیریا کہاں نشوونما پارہے ہیں۔ عام طور پر تپ دق کا سبب وہ بیکٹیریا ہیں جو کہ پھیپھڑوں میں نشوونما پارہے ہوتے ہیں۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی عموماً جوانوں میں زیادہ پھیلتی ہے۔ جن کی عمر 20 اور 30 سال کے درمیان ہو۔

اس بیکٹیریا کی وجہ سے جسم میں کچھ علامات پیدا ہوتی ہیں جن میں......

1۔ مریض کو شام کے وقت بخار 100 فارن ہائیٹ' تیز نبض اور مریض کا سانس بہت تیز چلتا ہے عام طور پر ایک نارمل انسان کا دل جب پانچ بار پمپ کرتا ہے یا دھڑکتا ہے تو ایک دفعہ سانس لیتا ہے۔ اوسطاً سولہ بار۔ جبکہ ٹی بی کے مرض میں مبتلا مریض ایک منٹ میں تقریباً چھبیس مرتبہ سانس لیتا ہے اور جوں جوں مرض بڑھتا جائے گا' سانس لینے کی رفتار بھی بڑھ جائے گی اور نبض کی رفتار ایک سو بیس منٹ پر جا پہنچتی ہے۔ مریض سردی محسوس کرتا ہے رات کو پسینہ آتا ہے اور خود کو بہتر محسوس نہیں کرتا۔ ہر روز تھکن کا احساس' بھوک اور روزن میں کمی' کھانسی، بلغم، ریشہ اور بعض اوقات خشک' کھانسی کے ساتھ خون اور پھیپھڑوں کی جھلی میں سوزش کی وجہ سے چھاتی میں درد ہوتا ہے۔

اسباب

مائیکرو بیکٹیریم ٹیوبرکلوس یہ انسانی جسم کے اندر تپ دق کا سبب بنتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹیوبرکلوس بیکٹیریا کی دو اقسام ہیں جو ٹی بی کا سبب بنتی ہیں

1۔ ایم بووس M.BOUIS

2۔ ایم افریکنیم M. AFRICANUM

3۔ ایم بووس انفیکشن سے متاثرہ گائے کے دودھ سے انسان کے اندر منتقل ہوتا ہے۔ اس قسم کی تپ دق اب بہت کم ہوگئی ہے کیونکہ اب دودھ باقاعدگی سے پیسچرائزڈ PASTEURIZED کر کے جراثیم کو ہلاک کر دیا جاتا ہے۔

ایم افریکنیم یہ بھی بہت کم پایا جاتا ہے اور یہ زیادہ تر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس قسم کی تپ دق سے متاثر ہوتے ہیں ان میں اس کے اثرات تقریباً دو سال تک مکمل طور پر سامنے آجاتے ہیں۔

پھیلاؤ

تپ دق ایک شخص سے دوسرے شخص میں ہوا کے اندر پیدا ہونے والے بیکٹیریا کی وجہ سے منتقل ہوتی ہے۔ جب گلے اور پھیپھڑوں کی ٹی بی سے متاثرہ لوگ چھینکتے اور کھانستے ہیں تو اردگرد کے لوگ سانس کے ذریعے بیکٹیریا اندر لے جاتے ہیں۔ اور جب کوئی صحت مند شخص سانس کے ذریعے بیکٹیریا اندر لے جاتا ہے تو وہ اس کے پھیپھڑوں میں قیام پذیر ہوجانے کے بعد نشوونما پانا شروع کر دیتے ہیں۔

متاثر ہونے والے افراد

کیونکہ ٹی بی ایک وائرل انفیکشن ہے اور یہ صرف سانس کے ذریعے پھیلتی ہے۔ اگر سانس کے ذریعے انفیکشن سے متاثرہ اجزاء صحت مند جسم کے اندر داخل ہوں تو اس شخص کو انفیکشن ہونے کا خطرہ پیدا ہوجاتا ہے۔

ایک اور اہم حقیقت جو بہت قابل توجہ ہے وہ یہ ہے کہ ٹی بی سے متاثرہ لوگ جو تپ دق پھیلانے کا سبب بنتے ہیں زیادہ تر ان لوگوں میں جن کے ساتھ وہ زیادہ وقت گزارتے ہیں۔ مثلاً خاندان کے لوگ' دوست' ہم جماعت اور ساتھ کام کرنے والے۔ وہ لوگ جن میں تپ دق پیدا ہونے کا خطرہ ہو ان میں شامل ہیں۔

1۔ وہ لوگ صحت کے شعبے میں کام کرتے ہیں۔

2۔ وہ لوگ جو ایسے ملکوں میں وقت گزاریں جہاں تپ دق عام ہو۔ (مثال کے طور پر اکثر ممالک لاطینی امریکہ کے سرزمین ممالک افریقہ اور ایشیاء سوائے جاپان کے)

3۔ وہ جو ایسے ماحول میں رہتے ہیں۔ جہاں تپ دق عام ہوتا ہے (مثال کے طور پر بے گھر پناہ گاہوں میں' مہاجر کیمپ' جیلوں میں قیدی' کچھ نرسنگ ہومز وغیرہ میں

4۔ وہ لوگ جو مدافعتی نظام کو تباہ کرنے والے وائرس HIV سے متاثر ہوں۔

5۔ وہ لوگ جو ایسا علاج کروا رہے ہوں جو مدافعتی نظام پر دباؤ ڈالتا ہو۔

6۔ وہ لوگ جن کی حفظانِ صحت تک مناسب رسائی نہ ہو۔

چیک اپ

اگر آپ کو تپ دق کا انفیکشن لاحق ہے۔ آپ کو لازمی طور پر حفظان صحت کے مرکز جا کر اپنا معائنہ کرانا چاہئے اور وہاں معالج سے اس مرض کی علامات پوچھیں اور جو آپ محسوس کر رہے ہیں وہ بتائیں۔

وہاں آپ کے سانس کی بے قاعدگی کا معائنہ کیا جائے گا جیسے کہ جب آپ کھانسی کے بعد سانس لیں تو بلبلوں جیسی آوازیں پیدا ہوں یا کھوکھلی سیٹی کی آواز پیدا ہو تو یہ پھیپھڑوں سے تعلق رکھنے والی بیماری کی نشاندہی کرتی ہے۔

آپ کا معالج وہاں کچھ اور امتحانات لے گا جو خاص طور پر ٹی بی سے متعلق ہوتے ہیں۔ آپ کی جلد کا امتحان' بلغم کا امتحان جو بیکٹیریا کی تصدیق کرتے ہیں جو تپ دق کا سبب بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک ایکسرے جو پھیپھڑوں میں ٹی بی کی علامات

ظاہر کرتا ہے۔

بچاؤ اور علاج کے طریقے

اگر کسی میں تپ دق کا انفیکشن تشخیص ہو جائے تو فوراً اس کا علاج شروع ہو جانا چاہیے تا کہ وہ لوگ جو اس انفیکشن سے متاثر نہیں ہوئے ان میں اس وائرس کو پھیلنے سے روکا جائے۔

وہ ممالک جہاں تپ دق عام ہے وہاں ایک ویکسین جو BCG کے نام سے جانی جاتی ہے استعمال کرائی جاتی ہے۔

صحت عامہ کیلئے یہ بہت ضروری ہے کہ تپ دق کو پھیلنے سے روکا جائے اور متاثرہ اشخاص کو تجویز کردہ ادویات صحیح طور پر استعمال کرائی جائیں۔ اگر آپ کو تپ دق ہے تو آپ باقاعدگی سے اپنا طبی معائنہ کروائیں تا کہ معالج آپ پر دوا کے اثرات کا معائنہ کرتا رہے اور علاج کے موثر ہونے کا اطمینان کر سکے۔ اگر آپ تپ دق کی وجہ سے زیادہ بیمار ہیں تو آپ کو فوراً علاج کیلئے ہسپتال جانا چاہئے تا کہ آپ کو خاص قسم کے ہوادار کمرے میں رکھا جائے اور بیکٹیریا کو پھیلنے سے روکا جائے۔ آپ کو اپنے کمرے سے باہر نکلنے سے روکا جاسکتا ہے اور جو لوگ آپ کے کمرے میں آئیں انہیں چاہیے کہ کوئی ماسک یا رومال وغیرہ سے اپنے ناک اور منہ کو ڈھانپ لیں تا کہ وہ خود کو بیکٹیریا سے بچا سکیں اور دوسروں میں بھی تپ دق کے بیکٹیریا کو پھیلنے سے روک سکیں۔

مریض کو کیسا ماحول میسر ہونا چاہیے

مریض کا کمرہ صاف ستھرا اور روشن ہونا چاہیے جہاں سورج کی روشنی براہ راست پہنچ رہی ہو۔ تنگ و تاریک اور گندگی والی جگہوں سے مریض کو بچانا چاہیے۔ مریض کے فضلہ اور دیگر اخراجات کو ختم کرنے کا مناسب بندوبست رکھیں اور مریض کی ذاتی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

ایک تحقیق کے مطابق ٹی بی کے مریضوں کیلئے بہترین جگہ ساڑھے چار ہزار فٹ بلند مقامات ہیں جہاں ہوا خشک تازہ اور ماحول کافی صاف ستھرا ہوتا ہے یہاں مریض کو تازہ ہوا ملتی ہے اور فضائی آلودگی بھی ایسے مقامات پر نہیں ہوتی جو ایسے مریضوں کیلئے مناسب رہائش گاہ ہوتے ہیں

خوراک

ٹی بی کے مریض کو ہمیشہ متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک دیں۔ گوشت یخنی مچھلی انڈے بادام شہد دودھ مکھن تازہ پھل اور کارڈ لیور آئل کا استعمال مریض کی توانائی اور قوت مدافعت کو قائم رکھنے کیلئے بہت ضروری ہیں۔ مریض کو ہلکی ورزش اور سیر اتنی کرنی چاہیے جس سے اس کو تھکاوٹ نہ ہو۔

ادویاتی علاج

مریض کو ہمیشہ علامات کے مطابق مناسب دوائی استعمال کرائیں کمزوری دور کرنے کیلئے الفلفا یا کوئی اور ٹانک استعمال کرنا چاہیے تا کہ مریض کی قوت مدافعت قائم رہے اگر کسی کو ٹی بی سے متاثر ہونے کا شبہ ہو اور آپ کو کھانسی کے ساتھ خون آرہا ہو تو معالجین لیبارٹری کے امتحانات کے نتائج کی واپسی سے قبل علاج شروع کر سکتے ہیں۔ جس میں وہ ایک سے زیادہ تپ دق ختم کرنے والی دوا تجویز کر سکتے ہیں۔

ٹی بی کے بیکٹیریا بہت سخت جان ہوتے ہیں اور یہ بیکٹیریا بہت سست رفتاری سے مرتے ہیں ادویات کے ذریعے بیکٹیریا کے مکمل طور پر مرنے میں چھ ماہ سے نو ماہ کا عرصہ لگ سکتا ہے۔ اگر آپ کو تپ دق ہے تو آپ کو کئی مختلف ادویات لینے کی ضرورت ہوگی۔ جن کا دورانیہ 6 سے 9 ماہ تک ہوسکتا ہے زیادہ وقت ان مریضوں کو لگتا ہے جن میں HIV فعال ہو اور تپ دق پھیپھڑوں سے باہر ہو۔

سب سے پہلے دوا کی مزاحمت کا امتحان کرنا ہوتا ہے تا کہ اس بات کا فیصلہ کیا جاسکے سب سے موثر ادویات کا استعمال کیا جارہا ہے کہ نہیں۔ اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ کہیں بیکٹیریا کی مزاحمت ان ادویات کے خلاف زیادہ تو نہیں۔

کچھ خاص ہومیوپیتھی ادویات کے موثر ہونے کیلئے مریض کے خاص امتحانی مطالعہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ پیشہ ور ہومیوپیتھی معالجین اپنے تجربے کی بنیاد پر تپ دق کے متعلق مریض کی علامات نوٹ کر کے مریض کے جسمانی جذباتی اور دماغی صورتحال اور تمام دیگر عوامل کا تجزیہ کر کے پھر تجویز کرتا ہے کہ سب سے زیادہ مناسب دوا اس خاص مریض کیلئے کونسی ہے۔

مثال کے طور ''آرسینکم البم'' کھانسی اور چھاتی کے درد کے لئے خاص طور پر انفیکشن سے متاثرہ کینسر میں استعمال کی جاتی ہے اس میں مریض کے اندر رات کو علامات بدتر ہو جاتی ہیں اور اکثر ساتھ میں بخار ہو جاتا ہے۔ سردی لگتی ہے کمزوری بیزاری اور بے آرامی ہوتی ہے۔ یہ دوا ان لوگوں کیلئے بھی موثر ہے جو اکثر خود کو بکھرا ہوا اور بے چین محسوس کرتے ہیں۔

کلیریا کاربونیکا

یہ ایسے مریضوں کیلئے ہے جن کو ٹھنڈ لگے چکر آئیں پسینہ آئے خاص طور پر رات کے وقت گردن کے پچھلے غدود سوجھے ہوں اور یہ دوا ان افراد کیلئے خاص طور پر مناسب ہے جو انفیکشن کا شکار ہوں۔ بے لچک رجحان رکھتے ہوں انڈوں اور ٹھنڈے مشروبات کے خواہش مند ہوں۔ جب بھی پھیپھڑوں کا کوئی مریض سامنے آئے تو سب سے پہلے پھیپھڑوں کے دفاع کیلئے کوئی مناسب بڑی پولیسی دینی چاہیے جس سے گہرے سلی اثرات ختم ہو جائیں۔ پھیپھڑوں کے امراض کے قلع قمع کیلئے بیسلینم' ٹیوبرکولینم' کارسینو

باقی کالم 4 پر

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ہاتھیوں کا یتیم خانہ

سری لنکا میں دنیا کا سب سے بڑا ہاتھیوں کا یتیم خانہ ہے۔ 1975ء میں قائم کئے گئے اس یتیم خانے میں اس وقت درجنوں ہاتھی موجود ہیں۔ یہ یتیم خانہ دریائے ''ماہارویا'' کے قریب واقع ہے یہاں معذور، زخمی، بوڑھے اور یتیم ہاتھیوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ اس ادارے میں ہاتھیوں کی افزائش نسل کا بھی انتظام کیا گیا ہے معذور افراد، بوڑھوں اور یتیم بچوں کی دیکھ بھال کے لئے دنیا کے تقریباً ہر ملک میں ہی ادارے قائم کئے جاتے ہیں۔ لیکن معذور جانوروں کے تحفظ کے لئے اقدامات کی مثالیں بہت کم ہی سننے میں آتی ہیں۔ جنگلی حیات کے تحفظ کے لئے ہر ملک میں محکمے قائم ہیں۔ تاہم سری لنکا وہ واحد ملک ہے جہاں معذور، بوڑھے اور یتیم ہاتھیوں کے لئے بہت وسیع یتیم خانہ قائم کیا گیا ہے۔ سری لنکا میں ہاتھیوں کی تعداد دنیا کے کسی بھی دوسرے ملک کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ یہاں کے جنگلوں میں تین ہزار سے زیادہ ہاتھی موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ معذور زخمی اور یتیم ہونے والے ہاتھیوں کی تعداد بھی سری لنکا میں بہت زیادہ ہوتی ہے۔ صحت مند ہاتھی جنگلوں میں اپنی زندگی گزار سکتے ہیں۔ لیکن بوڑھے اور معذور ہاتھیوں کے لئے یہ ممکن نہیں ہوتا۔ سری لنکا کے محکمہ جنگلی حیات نے 1975ء میں بوڑھے، معذور اور یتیم ہاتھیوں کے تحفظ کے لئے پیناویلہ یتیم خانہ قائم کیا۔

